This question paper contains 8 printed pages]

Your Roll No.......................

7688

B.Com./I **E-I**

Paper V—URDU 'B'

Time : 3 *Hours* *Maximum Marks* : 100

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

۱۔ ذیل میں سے ایک شعری اقتباس کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے: ۲۵

(الف)

دیر نہیں حرم نہیں در نہیں آستاں نہیں

بیٹھے ہیں رہ گزر پہ ہم کوئی ہمیں اٹھائے کیوں

قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں

موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

P.T.O.

حسن اور اس پہ حسنِ ظن رہ گئی بوالہوس کی شرم

اپنے پہ اعتماد ہے غیر کو آزمائے کیوں

واں وہ غرورِ عز و ناز یاں یہ حجابِ پاسِ وضع

راہ میں ہم ملیں کہاں بزم میں وہ بلائے کیوں

ہاں وہ نہیں خدا پرست جاؤ وہ بے وفا سہی

جس کو ہو دین و دل عزیز اس کی گلی میں جائے کیوں

(ب)

ناچ اور رنگ کے کھڑا کے ہیں

گھنگرو اور تال کے جھناکے ہیں

نقلیں قصے کہانی ساکے ہیں

کھنڈر دہرے کبد کتھا کے ہیں

آرتی کی کہیں مچی ٹھن ٹھن

کہیں گھنٹوں کی ہو رہی ٹن ٹن

تال مردنگ جھانجھ کی جھن جھن

خاص پرشاد مصری اور ماکھن

رنگ ہے روپ ہے جھمیلا ہے

زور بلد یوجی کا میلا ہے

۲۔ ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح مع سیاق و سباق کیجیے: ۲۵

(الف)

حقیقت میں شاعری اور خطابت بالکل جدا جدا چیزیں ہیں۔ خطابت کا مقصود حاضرین سے خطاب کرنا ہوتا ہے تاکہ اس کے لحاظ سے تقریر کا ایسا پیرایہ اختیار کرے جس سے ان کے جذبات کو برانگیختہ کر سکے ارا اپنے کلام میں لائے۔ بخلاف اس کے شاعر کو دوسروں سے غرض نہیں ہوتی۔ وہ یہ نہیں جانتا کہ کوئی اس کے سامنے ہے بھی یا نہیں؟ اس کے دل میں جذبات

پیدا ہوتے ہیں، وہ بے اختیار ان جذبات کو ظاہر کرتا ہے۔ جس طرح درد کی حالت میں بے ساختہ آہ نکل جاتی ہے، بے شبہ یہ اشعار اوروں کے سامنے پڑھے جائیں تو ان کے دل پر اثر کریں گے۔ لیکن شاعر نے اس غرض کو پیشِ نظر نہیں رکھا تھا، جس طرح کوئی شخص اپنے عزیز کے مرنے پر نوحہ کرتا ہے تو اس کی غرض یہ نہیں ہوتی کہ لوگوں کو سنائے لیکن اگر کوئی شخص سن لے تو ضرور تڑپ جائے گا۔

(ب)

مولوی صاحب: آپ مسلمان اور پابند شرع بتاتے ہین اپنے آپ کو اور ہوٹل میں جا کر شراب خانہ خراب استعمال میں لاتے ہیں۔ عیاذاً باللہ مردِ خدا آخر انجام کی بھی فکر ہے یا سگ دنیا ہی بنے رہو گے۔

آزاد: قبلہ بس اب کیا کہوں بجز سکوت کے اور کوئی کلمہ زبان پر نہیں آنے پاتا۔ لاحول ولا قوۃ۔

مولوی صاحب : بے ادبی معاف۔ لاحول تو آپ اپنے ہی اوپر پڑھتے ہیں۔ آپ سے حرکت شیطانی ہی ایسی سرزد ہوئی۔ مگر بحمداللہ کہ آپ کا نفس لوامہ آپ کو ملامات کرتا ہے۔

آزاد: مولانا خدا کی قسم، میں نے ہوٹل میں صرف کھانا کھایا مگر وہ اغذیہ جو شرع کی رو سے حرام نہیں۔ پس نظر انصاف سے دیکھیے تو اس میں قباحت ہی کیا ہے۔ آخر روم میں بھی تو صغیر و کبیر اور بڑے بڑے علمائے تحریر عیسائیوں کے ساتھ کھانا کھاتے ہیں۔ پھر یہاں ہندوستان کے مسلمان اس کو داخلِ گناہ کیوں سمجھنے لگے۔ میں نے کیا کفر کیا کہ مردود اور مطرود اور زندیق اور ملحد اور مرتد بنایا جاتا ہوں۔

۳۔ کارخانے میں ہونے والی اصول وضوابط کی پامالی کے بارے میں لیبر کمشنر کے نام شکایتی خط لکھئے۔ ۱۵

یا

بینک میں منیجر کے عہدے کے لئے اپنی قابلیت بتاتے ہوئے درخواست لکھئے۔

۴۔ ذیل میں سے کوئی دس کے اردو متبادل لکھئے: ۲۵

(1) Finance

(2) Formula

(3) Monopoly

(4) Credit

(5) Buyer

(6) Documents

(7) Material

(8) Money

(9) Data

(10) Billing

(11) Goods

(12) Merchant

(13) Head Office

(14) Deficit

(15) Balance Sheet.

۵۔ ذیل میں سے پانچ کے معنی لکھ کر جملوں میں استعمال کیجیے: ۱۰

(۱) آنکھ کا پانی مرنا

(۲) آنکھ کا تارا ہونا

(۳) آسمان میں تھگلی لگانا

(۴) آگ بگولہ ہونا

(۵) تین تیرہ کرنا

(۶) آپے سے باہر ہونا

(۷) نو دو گیارہ ہو جانا

(۸) ہاتھ تنگ ہونا